نیوز ریلیز

ذاتی طور پر سیکھنے سے استثنٰی کا اَپ ڈیٹ: وزیر نکولیڈز(Minister Nicolaides)

26 فروری، 2025ء میڈیا انکوائریز

وزیرِتعلیم ڈیمیٹریوس نکولیڈز(Demetrios Nicolaides) نے ذاتی طور پر سیکھنے کے آپشنز سے استثنٰی کے وزارتی احکامات کے اَپ ڈیٹس پر مندرجہ ذیل بیان جاری کیا:

"ہم اس بات کو یقینی بنانے کیلئے پُرعزم ہیں کہ صوبے میں ہر طالبعلم کو ہڑتالوں کے دوران بھی، عالمی معیار کی تعلیم ملتی رہے۔

اسکول بورڈز کو مقامی سطح پر تعلیمی پروگراموں کے بارے میں فیصلے کرنے کیلئے البرٹا ایجوکیشن کا اعتماد حاصل ہے، جیسے کہ ہمیں یقین ہے کہ وہ اپنے طلباء اور اسکولوں کی ضروریات کو بہترین طور پر سمجھتے ہیں۔ اس میں ہڑتالوں اور افرادی قوت کی کمی کے دوران تعلیم کو جاری رکھنے کے منصوبے شامل ہیں۔

"حالیہ ہڑتالوں کے دوران طلباء اور عملے کی حفاظت اور فلاح و بہبود کو یقینی بنانے میں مدد کیلئے، ایڈمنٹن پبلک اسکول ڈویژن نے درخواست کی تھی، اور انہیں ایسے طلباء کیلئے جنہیں تعلیمی اسسٹینٹ کی سپورٹ حاصل ہے، ذاتی طور پر سیکھنے کے آپشن سے استثنٰی کیلئے ایک وزارتی حکم نامہ جاری کیا گیا تھا۔ فورٹ میک مرے رومن کیتھولک بورڈ آف ایجوکیشن، فورٹ میک مرے اسکول ڈسٹرکٹ اور سٹرجن اسکول ڈویژن تمام نے بھی درخواستیں دی تھیں اور انہیں اسی طرح کے استثنٰی دیئے گئے تھے۔

"ایک حالیہ عدالتی فیصلے نے کسی بھی استثنٰی کے حکم کی رسائی کو بڑھانے کی ضرورت کو اجاگر کیا کہ وسائل کا جائزہ لیا جائے اور انہیں اس بات کو یقینی بنانے کیلئے تقسیم کیا جائے کہ *تمام طلباء کو مدِّنظر جاتا ہے*، قطع نظر اس کے کہ انہیں تعلیمی اسسٹینٹ کی سپورٹ کی ضرورت ہے یا نہیں ہے۔

"ہم نے عدالت کے فیصلے کو بہت سنجیدگی سے لیا ہے اور ہم وزارتی احکامات میں فوری طور پر تبدیلیاں کریں گے۔ طلباء کی کامیابی اور دماغی صحت کیلئے ذاتی طور پر سیکھنا ضروری ہے اور البرٹا کی حکومت اس وقت جاری ہڑتالوں کے دوران ذاتی طور پر سیکھنے کو جاری رکھنے کیلئے اسکول کے شراکت داروں کے ساتھ کام کو جاری رکھے گی۔

"ہم نے وزارتی استثنٰی کے تمام احکامات کو استثنٰی کے نئے احکامات سے بدلنے کیلئے اقدامات کئے ہیں، بمع شرائط و ضوابط، جو اسکول کے حکام کو ہدایت دیں گے کہ:

- تمام طلباء کو مدِّ نظر رکھتے ہوئے تمام وسائل کا ایک جامع، مساوی اور منصفانہ طریقے سے جائزہ لیں اور انہیں تقسیم کریں۔
- مناسب طور پر کوششیں کریں کہ:

Classification: Public

  - تمام طلباء کو ذاتی طور پر سیکھنے کا آپشن فراہم کریں۔
  - اگر وہ گھر پر سیکھنے کی طرف سوئچ کرتا ہے تو طالبعلم کو ایک جیسے کورسز اور تعلیمی پروگرام کو جاری رکھنے کے قابل بنائیں۔
- والدین اور طلباء کے ساتھ باقاعدگی سے بات چیت کریں۔

"البرٹا کی حکومت امید کرتی ہے کہ اسکول بورڈز ان جاری ہڑتالوں کے دوران طلباء اور والدین کے ساتھ مسلسل اور واضح رابطے میں ہوں گے، اور ہم ان سے امید جاری رکھیں گے کہ وہ ایسا کرنے کے قابل ہوتے ہی اپنے منصوبوں کی تفصیلات اپنے اسکول کی کمیونٹیوں کے ساتھ شیئر کریں گے۔
"البرٹا کا K-12 تعلیمی نظام ہمارے طلباء کو عالمی معیار کی تعلیم فراہم کرنے کیلئے تیار کیا گیا ہے جو ان کی تعلیمی، جذباتی اور جسمانی فلاح و بہبود میں ان کی مدد کرتا ہے، اور ہم اس بصیرت کیلئے پُرعزم ہیں۔"

میڈیا انکوائریز

گیریٹ کوہلر(Garrett Koehler)

780-554-5777
پریس سیکریٹری، وزارتِ تعلیم

Classification: Public